22-11-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

)آداب: خبرنامے کے ساتھ میں کلیم احمد

پہلے اِس وقت کی اہم خبریں

-----------------------------------------------------

1 وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ثقافت، پکوان اور کرکٹ، بھارت اور گیانا کو گہرائی کے ساتھ جوڑتے ہیں۔

2 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ بھارت اپنے شاندار ثقافتی ورثے کے تحفظ اور فروغ کے ساتھ ساتھ جدید ترقی کو اپناتے ہوئے ترقیاتی اہداف حاصل کرسکتا ہے۔

3 مرکزی وزیر پیوش گوئل کا کہنا ہے کہ ڈیٹا کی رازادی کو یقینی بنانے کیلئے سرکار ایک قانونی فریم ورک لائے گی۔

4 EPFO نے اِس سال ستمبر کے مہینے کے دوران 18 لاکھ 81 ہزار نئے ممبروں کا اضافہ کیا ہے۔ اس طرح اس میں 9 اعشاریہ تین تین فیصد کا اضافہ درج کیا گیا ہے۔

5 بھارت اور مالدیپ نے سرحد پار لین دین میں مقامی کرنسیوں کے استعمال کو فروغ دینے کیلئے فریم ورک تیار کرنے کیلئے مفاہمت نامے پر دستخط کئے ہیں۔

6 اور بہار اِس سال اپریل میں کھیلو انڈیا یوتھ گیمز اور پیراگیمز کی میزبانی کرے گا۔

اب خبریں تفصیل سے۔

Rev New Pm Guyana Parliment

وزیر اعظم نریندر مودی نے گیانا کی قومی اسمبلی سے خطاب کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہر کسی کو آگے بڑھانے کی خاطر جمہوریت کی اصل روح مل کر ترقی کرنے کیلئے بھارت کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

Anupam Mishara

عالمی سطح پر سفارتی رابطوں کے تحت ایک اور اہم موقعے پر جناب مودی نے گیانا کی پارلیمنٹ سے خطاب کیا۔ یہ چودہواں ایسا موقع تھا جب وزیر اعظم مودی نے بیرونی ملکوں کی پارلیمنٹ میں بھارتی عوام کی جانب سے خطاب کیا تھا۔ انہیں بیرونی پارلیمنٹ میں سب سے زیادہ خطابات کرنے والے بھارتی وزیر اعظم کا اعزاز حاصل ہے۔ گزشتہ برسوں میں جناب مودی نے دنیا بھر میں Legislative چمبرس میں تقاریر کی ہیں جن میں امریکہ سے لے کر یوروپ، افریقہ، آسٹریلیا اور ایشیا شامل ہیں۔ اُن کے خطابات سے عالمی سطح پر بھارت کے بڑھتے اثر و رسوخ کا واضح طور پر اظہار ہوتا ہے۔

انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لئے میں ارجمند علی خان

گیانا کے جارج ٹاؤن میں قومی ثقافتی مرکز میں بھارتی برادری سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ بھارت جلد ہی دنیا کی تیسری سب سے بڑی معیشت بن جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ 2014 میں بھارت دسویں سب سے بڑی معیشت تھا اور محض دس برس میں یہ پانچویں سب سے بڑی معیشت بن گیا ہے۔

وزیر اعظم نے کہا کہ بھارتی نوجوانوں نے ملک کو دنیا کا تیسرا سب سے بڑا اسٹارٹ اَپ ایکو نظام بنا دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی ترقی نہ صرف ترغیب کا باعث ہے بلکہ سب کی شمولیت پر مبنی ہے۔ جناب مودی نے کہا کہ بھارت کا ڈجیٹل عوامی بنیادی ڈھانچہ غریبوں کو بااختیار کررہا ہے۔

SB- PM Modi On Economy

وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت اور گیانا کے درمیان مشترکہ طور طریقے دوستی کی ایک مضبوط بنیاد فراہم کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ثقافت، کھان پان اور کرکٹ بھارت اور گیانا کے مضبوط رابطوں کا سبب ہے۔ جناب مودی نے اپنی ثقافت اور روایات کے تحفظ کیلئے وہاں آباد بھارتی برادری کی ستائش کی۔ انہوں نے انہیں اپنے آبائی وطن آنے کی دعوت دی۔

گیانا کے صدر عرفان علی نے اپنے خطاب میں کہا کہ جناب مودی نے بھارت کو بلندی اور وقار عطا کیا ہے جو غیر معمولی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کئی ترقی پذیر اور ترقی یافتہ ممالک بھارت کی مثال دیتے ہیں۔ وہ ٹیکنالوجی، تحقیق و ترقی کیلئے بھارت کی جانب دیکھتے ہیں۔

SB- Irfaan Ali Gyana President

جناب مودی نے جناب علی کے ہمراہ جارج ٹاؤن میں ویسٹ انڈیز کی کرکٹ ٹیم کی سرکردہ شخصیات سے بھی ملاقات کی۔

Rev Prez Hyderabad

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ بھارت اپنے مالا مال ثقافتی ورثے کے تحفظ اور فروغ کے ساتھ ساتھ جدید ترقی کو اپناتے ہوئے ترقیاتی اہداف کو کامیابی کے ساتھ حاصل کرسکتا ہے۔ حیدرآبا میں "Koti Deepotsavam" میں اظہار خیال کرتے ہوئے صدر جمہوریہ نے سبھی کی شمولیت والی اور جامع ترقی کی جانب بھارت کی پیشرفت پر زور دیا۔

S/B- Prez

انہوں نے کہا کہ اس وژن کو حاصل کرنے کے لیے، ہمیں مل کر آگے بڑھنا چاہیے اور وکست بھارت کی تعمیر میں اپنا تعاون دینا چاہیے۔

صدر جمہوریہ نے اس تقریب میں شرکت پر اپنی مسرت کا اظہار کیا، جسے انہوں نے تیلگو ثقافت اور ورثے کا جشن قرار دیا۔ تلنگانہ کے گورنر جشنو دیو ورما، کوئلہ اور کان کنی کے مرکزی وزیر جی کشن ریڈی اور تلنگانہ کے خواتین اور بچوں کی بہبود کی وزیر ڈی انسویا کے علاوہ دیگر معززین اس تقریب میں موجود تھے۔ صدر جمہوریہ آج حیدرآباد کے Shilparamam میں چوتھی لوک منتھن کا باضابطہ طور پر افتتاح کریں گی۔ بین الاقوامی ثقافتی فیسٹول کا انعقاد ملک کی جنوبی ریاستوں میں پہلی مرتبہ کیا جارہا ہے۔ Pragina Vahini کے ذریعے اہتمام کردہ لوک منتھن میں تقریباً ایک درجن ملکوں کے فنکاروں، ثقافتی نمائندوں اور دانشوروں کی شرکت کا امکان ہے۔ مختلف ملکوں کی متعدد برادریوں کی ثقافت، روایت، ورثے اور ہنرمندیوں کو اجاگر کرنے کیلئے تقریباً 100 ثقافتی پروگراموں کے علاوہ ایک نمائش کا بھی اہتمام کیا جارہاہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C- M S Lakshmi

’لوک منتھن‘ مکالمے اور ثقافتی تبادلے کے لیے ایک دلچسپ پلیٹ فارم کے طور پر کام کرتا ہے، جو لچک اور تحفظ کی عالمی کہانیوں کو اجاگر کرتا ہے۔ 2016 میں ’لوک منتھن‘ کا آغاز ہوا تھا تب سے ’لوک منتھن‘ کو Pragjna Vahini کے ذریعے مختلف ریاستوں کے مختلف مقامات پر دو سال میں ایک مرتبہ منعقد کیا جا رہا ہے۔ ملک کی جنوبی ریاستوں میں پہلی مرتبہ حیدرآباد منفرد ثقافتی تبادلے کی میزبانی کر رہا ہے۔ مغربی ایشیا سمیت دنیا کے مختلف حصوں سے متعدد کئی قدیم مذہبی برادریاں چوتھی لوک منتھن میں ایک ساتھ اکٹھی ہورہی ہیں۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو جو حیدرآباد کے دو روزہ دورے پر ہیں، آج چوتھی لوک منتھن کا باضابطہ طور پر افتاح کریں گی۔

حیدرآباد سے ایم ایس لکشمی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں محمد عمار

Piyush Goyal

تجارت اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے اعلان کیا ہے کہ حکومت، ڈیٹا کی رازداری کو یقینی بنانے کیلئے ایک قانونی فریم ورک متعارف کرائے گی۔ ٹیکنالوجی اور اختراع کے شعبے میں سرمایہ کاری کیلئے بھارت کو ایک پسندیدہ اور اہم مقام قرار دیتے ہوئے جناب پیوش گوئل نے اُجاگر کیا کہ بھارت اپنے مستحکم قانونی نظام کے ساتھ ایک نیا فریم ورک لاگو کرنے کا منصوبہ بنا رہاہے، جو قابل اعتماد شراکت داروں کے درمیان ڈیٹا کے محفوظ اور آزادانہ لین دین کو یقینی بنائے گا۔

برطانیہ-بھارت تجارتی کونسل کی برطانیہ-بھارت ٹیکنالوجی مستقبل کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب گوئل نے مستقبل میں ڈیجیٹل دنیا اور پائیداری کے مسائل کو سمجھنے کی ضرورت پر زور دیا۔

جناب گوئل نے بھارت کے منفرد طور پر باہم مربوط پاور گرڈ کو بھی اجاگر کیا اور اسے اِن چیلنجوں سے نمٹنے میں ایک عالمی رہنما سے تعبیر کیا۔ جناب گوئل نے کہا کہ 2030 تک ملک کے طول و عرض میں ایک ہزار گیگا واٹ کا پاور گرڈ ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈیجیٹل دنیا کو پائیدار بنیادی ڈھانچہ فراہم کرنے کیلئے بھارت دنیا بھر میں ایک پسندیدہ مقام ہے۔

EPFO Members

ملازمین کے پروڈنٹ فنڈ سے متعلق تنظیم EPFO نے اِس سال ستمبر کے دوران کُل 18 لاکھ 81 ہزار ممبران کا اندراج کیا ہے اور گزشتہ سال اِسی مہینے کے مقابلے 9 اعشاریہ تین تین فیصد کا اضافہ درج کیا ہے۔ محنت اور روزگار کی وزارت نے کہا ہے کہ ممبران کو شامل کئے جانے کی وجہ روزگار کے بڑھتے مواقع، ملازمین کے فوائد سے متعلق بیداری میں اضافہ اور EPFO کی جانب سے ممبران تک پہنچنے کے موثر اقدامات ہیں۔ تنخواہ سے متعلق عبوری اعداد و شمار سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ EPFO نے موجودہ مالی سال کے ستمبر میں 9 لاکھ 47 ہزار نئے ممبران کا اندراج کیا ہے۔ اِس سے یہ بات بھی ظاہر ہوئی ہے کہ اِس میں 18 سے 25 سال کی عمر کے افراد کی تعداد زیادہ ہے جو اِسی عرصے کے دوران شامل کئے گئے کُل ممبران کا 59 فیصد ہے۔

وزارت نے کہا ہے کہ تنخواہ کے ڈیٹا کے صنف کے اعتبار کے جائزے سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ اِس مہینے کے دوران تقریباً دو لاکھ 47 ہزار خواتین کو نئے ممبران کے طور پر شامل کیا گیا ہے جس سے خواتین ورکر کی تعداد میں نمایاں اضافے کا اظہار ہوتا ہے۔

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

## Whatsapp Block

بھارتی سائبر جرائم رابطہ مرکز نے ٹیلی مواصلات کے محکمے کے ساتھ اشتراک میں کامیابی کے ساتھ اُن 17 ہزار وہاٹس ایپ اکاؤنٹس کو بلاک کردیا ہے جو جنوب مشرقی ایشیا میں سرگرم سائبر جرائم سے منسلک افراد سے وابستہ تھے۔ وزارت داخلہ کے مطابق اِس اقدام کا مقصد ملک سے باہر جرائم پیشہ افراد کے نظام کو تہس نہس کرنا اور بھارت کی ڈجیٹل سکیورٹی کو مضبوط کرنا ہے۔

## RBI Maldives

ریزرو بینک آف انڈیا RBI اور مالدیپ کی مالیاتی اتھارٹی MMA نے سرحد پار لین دین میں مقامی کرنسیوں بھارتی روپے اور مالدیپ کے Rufiyaa کے استعمال کو فروغ دینے کیلئے ایک فریم ورک تیار کرنے کیلئے مفاہمت نامے پر دستخط کئے ہیں۔ اِس مفاہمت نامے پر کَل ممبئی میں RBI کے گورنر شکتی کانت داس اور مالدیپ کی مالیاتی اتھارٹی کے گورنر احمد منور نے دستخط کئے۔

یہ مفاہمت نامہ کرنٹ اکاؤنٹ لین دین، کیپٹل اکاؤنٹ اور دیگر اقتصادی مالی لین دین جس پر بھی دونوں ممالک متفق ہوں، بھارتی روپے اور مالدیپ کے Rufiyaa کے استعمال کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ یہ فریم ورک برآمد کنندگان اور درآمد کنندگان کو اپنے متعلقہ گھریلو کرنسیوں میں ادائیگیوں کی اجازت فراہم کرے گا۔

## Delhi Pollution

دلی این سی آر میں ہوا کے معیار میں کوئی خاص بہتری نہیں آئی ہے اور ہوا کے معیار سے متعلق اشاریہ AQI آج صبح سات بجے 371 درج کیا گیا۔ آلودگی کی روک تھام سے متعلق مرکزی بورڈ کے مطابق شہر کے کچھ حصوں میں AQI چار سو سے زیادہ رہا۔ دلی کے جہانگیرپوری اسٹیشن میں اے کیو آئی 426، آنند وہار میں 410، سونیا وہار میں 400، روہنی میں 397، چاندنی چوک میں 359، آئی جی آئی ایئرپورٹ پر 357 اور سری اوروبندو مارگ میں 342 درج کیا گیا۔

بھارتی موسمیات محکمے نے پیشگوئی کی ہے کہ آئندہ دو سے تین دنوں کے دوران دلی اور این سی آر میں رات اور صبح کے وقت دھواں اور دھند چھائے رہنے کا امکان ہے۔

## Shekhawat Yuva Puraskar

ثقافت اور سیاحت کے مرکزی وزیر گجندر سنگھ شیکھاوت آج نئی میں ایک تقریب میں 2022-23 کے لئے استاد بسم اللہ خاں یوا پُرسکار عطا کریں گے۔ کُل 82 نوجوان فنکاروں کو استاد بسم اللہ یوا پُرسکار سے سرفراز کیا جائے گا۔ سنگیت ناٹک اکیڈمی نے 2006 میں 40 سال تک کی عمر کے نوجوان فنکاروں کو یہ ایوارڈ دینے کی شروعات کی تھی۔ اِس کا مقصد موسیقی، رقص، ڈرامہ، لوک اور قبائلی فنون وغیرہ میں نوجوان فنکاروں کی حوصلہ افزائی کرنا ہے۔

## Jharkhand Counting

جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کے ووٹوں کی گنتی کَل کی جائے گی۔ انتخابی کمیشن نے خوش اسلوبی کے ساتھ تمام 81 اسمبلی سیٹوں کے ووٹوں کی گنتی کو یقینی بنانے کیلئے سبھی انتظامات مکمل کرلیے ہیں۔ چیف لیکٹرول افسر کے روی کمار نے کہا ہے کہ ریاست کے ضلع ہیڈکواٹرز

میں ووٹوں کی گنتی کے لیے 24 مراکز قائم کئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صبح آٹھ بجے پوسٹل بیلٹ کے ساتھ ووٹوں کی گنتی شروع ہوجائے گی۔

Janjatiya Gaurav Pakhwada

بھگوان برسامنڈا کی یاد میں ملک بھرکے تعلیمی اداروں میں جَن جاتیئے گورو دیوس منایا جارہا ہے۔ ملک گیر سطح پر منائے جانے والے جشن کا مقصد بھارت کے مالا مال قبائلی ورثے اور قبائلی برادریوں کے تعاون کو خراج تحسین پیش کرنا ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے اطلاع دی ہے کہ حکومت نے قبائلی برادریوں کی ترقی اور بہتری کے لئے مختلف اسکیمیں شروع کی ہیں۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

VC- Bhanu Partap Singh

مرکزی حکومت اقتصادی طور پر با اختیار بنانے اور بنیادی ڈھانچے پر توجہ مرکوز کرکے قبائلی افراد کی بہتری کے لئے مسلسل کوشاں ہے۔ ٹرائبل کوآپریٹیو مارکیٹنگ فیڈریشن آف انڈیا نے دو لاکھ 18 ہزار سے زیادہ کاریگر خاندانوں کو باختیار بنایا ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی کے ووکل فار لوکل مہم کے تحت 75 سے زیادہ قبائلی مصنوعات کو جی آئی ٹیگ حاصل ہوئے ہیں۔2017 میں آدی مہوتسو کے آغاز نے ملک بھر میں مختلف مقامات پر قبائلی کاروبار اور ثقافتی تبادلے کو فروغ دیا ہے۔اس میلے کا اب تک 37 ایڈیشن منعقد ہوچکا ہے جس میں تقریباً ایک ہزار قبائلی کاریگروں نے شرکت کرکے قبائلی آرٹ دستکاری اور کھانوں کی مختلف اقسام کی نمائش کرچکے ہیں۔

بھانو پرتاپ سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لئے میں محمد عمار

IFFI-DAY2

بھارت کے 55 ویں بین الاقوامی فلم فیسٹول کے آج دوسرے دن مختلف فلموں کی نمائش کی جائے گی۔ اِن میں مختلف زمروں، زبانوں اور ممالک کی 70 سے زیادہ فلمیں شامل ہیں۔ سرکردہ فلم شخصیات جن میں ناگارجن Akkineni، ودھو ونود چوپڑا اور منی رتنم شامل ہیں ناظرین کی توجہ کا باعث رہیں گے۔ سفرنامہ ایگزبیشن اور IFFIesta جس کا کَل شام افتتاح کیا گیا تھا امید ہے کہ آج اِن میں بڑی تعداد میں لوگ شامل ہوں گے۔

IFFI پریڈ بھی آج سب کی توجہ کا باعث رہے گی جو گوا کی انٹرٹینمنٹ سوسائٹی کے دفتر سے کلا اکیڈمی تک جائے گی۔

Khelo India Bihar

نوجوانوں کے امور اور کھیلوں کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے اعلان کیا ہے کہ بہار آئندہ برس اپریل میں کھیلو انڈیا یوتھ گیمز اور پیرا گیمز کی میزبانی کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ بہار میں حال ہی میں ہاکی کی خواتین کی ایشیائی چمپئنز ٹرافی جیسے اہم کھیل مقابلوں کی میزبانی کرکے اپنی صلاحیت کا اظہار کیا ہے۔ ڈاکٹر مانڈویا نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کا نظریہ ملک کے ہر کونے تک کھیلو انڈیا گیمز کو پہنچانا ہے۔ وزیر موصوف نے کہا کہ کھیل 2047 تک وکست بھارت کے ہدف کو حاصل کرنے میں ایک اہم رول ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بہار بنیادی ڈھانچے کی ترقی اور زمینی سطح پر کھلاڑیوں کو مدد فراہم کرنے کی خاطر وزارت کے منصوبوں کا ایک اہم حصہ ہے۔ بہار میں کھلاڑیوں کی سہولت کیلئے سبھی سطح پر 38 کھیلو انڈیا سینٹر اور ایک مہارت کا کھیلو انڈیا ریاستی سینٹر ہے۔

Badminton China Masters

بیڈمنٹن میں آج Shenzhen میں بھارت کے بیڈمنٹن کے سرکردہ کھلاڑی لکشے سین کا مقابلہ چائنا ماسٹرس 2024 میں مردوں کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں ڈنمارک کے Anders Antonsen سے ہوگا۔ کل دوسرے دور میں لکشے سین نے ڈنمارک کے ہی Rasmus Gemke کو اکیس-سولہ، اکیس-اٹھارہ سے ہرایا تھا۔

مردوں کے ڈبلز میں چراغ شیٹی اور ساتوک سائی راج رنکی ریڈی کی بھارتی جوڑی کوارٹر فائنل میں ڈنمارک کی جوڑی کا سامنا کرے گی۔ کل پری کوارٹر فائنل میں بھارتی جوڑی نے ڈنمارک کی Rasmus Kjaer اور Frederik Sogaard کی جوڑی کو اکیس-انیس، اکیس-پندرہ سے شکست دی تھی۔

یہ بھی خبریں

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: محمد عمار

شکریہ -کلیم

دلی سے شائع ہونے والے اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو اہمیت کے ساتھ شائع کیا ہے۔

روزنامہ ملاپ نے وزیراعظم نریندر مودی کو گیانا اور ڈومینکا کے اعلیٰ ترین شہری اعزاز سے نوازے جانے کی خبر کو نمایاں کیاہے۔ اخبار نے ایس جے شنکر کے ٹوئیٹ کا حوالہ دیتے ہوئے لکھا ہے کہ 'بھارت کے لیے ایک اور عظیم لمحہ، جب وزیراعظم نریندر مودی کو گیانا کے اعلیٰ ترین قومی اعزاز "دی آرڈر آف ایکسیلنس" سے نوازا گیا۔'

روزنامہ انقلاب نے کے سنجے مورتی کو بھارت کے کمپٹرولر اینڈ آڈیٹر جنرل منتخب کئے جانے سے متعلق سرخی لگائی ہے۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کے سنجے مورتی کو سی اے جی کے عہدے کا دلایا حلف۔ کے سنجے مورتی انڈین ایڈمنسٹریٹو سروس کے 1989 بیچ کے ہماچل کیڈر کے افسر ہیں۔

روزنامہ پرتاپ نے پاکستان میں ہوئے دہشت گرانہ حملے کی خبر کو شائع کرتے ہوئے لکھا ہے، پاکستان میں دہشت گردوں کا گاڑیوں کے قافلے پر حملہ، 38 سے زائد افراد کی موت۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا نے امریکہ کے شمال مغربی علاقے میں آنے والے شدید طوفان بم کے تعلق سے لکھا ہے کہ پانچ لاکھ سے زائد افرادبجلی سے محروم، دو افراد ہلاک اور متعدد گھر تباہ۔ طوفان کی وجہ سے ہمسایہ ملک کنیڈا کو بھی بڑے پیمانے پر تعطل کا سامنا۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ثقافت، پکوان اور کرکٹ، بھارت اور گیانا کو گہرائی کے ساتھ جوڑتے ہیں۔

2 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ بھارت اپنے شاندار ثقافتی ورثے کے تحفظ اور فروغ کے ساتھ ساتھ جدید ترقی کو اپناتے ہوئے ترقیاتی اہداف حاصل کرسکتا ہے۔

3 مرکزی وزیر پیوش گوئل کا کہنا ہے کہ ڈیٹا کی رازادی کو یقینی بنانے کیلئے سرکار ایک قانونی فریم ورک لائے گی۔

4 EPFO نے اِس سال ستمبر کے مہینے کے دوران 18 لاکھ 81 ہزار نئے ممبروں کا اضافہ کیا ہے۔ اس طرح اس میں 9 اعشاریہ تین تین فیصد کا اضافہ درج کیا گیا ہے۔

5 بھارت اور مالدیپ نے سرحد پار لین دین میں مقامی کرنسیوں کے استعمال کو فروغ دینے کیلئے فریم ورک تیار کرنے کیلئے مفاہمت نامے پر دستخط کئے ہیں۔

6 اور بہار اِس سال اپریل میں کھیلو انڈیا یوتھ گیمز اور پیراگیمز کی میزبانی کرے گا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------